علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

کلیہ عربی وعلومِ اسلامیہ

(شعبہ اسلامی فکر تاریخ وثقافت)

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری Plagiarism" پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: مقاصد شریعہ (1901) **سمسٹر: بہار، 2026ء**

سطح: بی ایس علوم اسلامیہ

ہدایت نامہ برائے طلبہ

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3- ہاتھ سے تحریر شدہ سکین (Scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4- ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کریں۔

5- مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اَپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

6- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7- غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

امتحانی مشق نمبر1
(یونٹ نمبر1-5)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

سوال نمبر1۔ شریعت اسلامیہ میں تعددِ ازدواج کا تصور کیا ہے؟اس کے اسباب اور حکمتوں کو تفصیل سے بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر2۔ بدعت کی اقسام کو تفصیلاً بیان کریں اور ہر قسم کے حوالے سے علماء کے مختلف آراء کی روشنی میں تحلیلی جائزہ پیش کریں۔ (20)

سوال نمبر3۔ ارتداد کی صورت میں معاشرتی، فقہی اور قانونی ردعمل کیا ہوتا ہے؟اسلامی فقہ میں ارتداد کے متعلق مختلف فقہی مکاتب فکر کے نظریات کی وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر4۔ شریعت اسلامیہ میں عقل کے استعمال اور حدود کا تذکرہ کریں،اور عقل کی تحریر کردہ مسالک ثلاثہ کے مطابق حسن وقبح میں اختلافات پر روشنی ڈالیں۔ (20)

سوال نمبر5۔ تحفظِ جان، عقل، اورمال کے حوالے سے مصالح ضروریہ کس طرح شریعت میں اہمیت رکھتے ہیں؟ ان کو مدنظر رکھتے ہوئے فقہی قوانین کی وضاحت کریں۔ (20)

امتحانی مشق نمبر2
(یونٹ نمبر6-9)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

سوال نمبر1۔ شریعت میں حاکم کی ذمہ داریاں اور اختیارات کیا ہیں؟ حاکمیت کے اسلامی نظریات کی روشنی میں بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر2۔ شریعت کے اثرات اور حکمت کو مختلف اسلامی فقہی مکاتب فکر کے تناظر میں مختصر مگر جامع انداز میں بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر3۔ اسلامی حقوق میں مال کی حفاظت پر شریعت کی کیا تعلیمات ہیں؟ مالی جرائم اور ان کی سزا کے حوالے سے وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر4۔ نکاح کے ارکان اور شرائط میں کون سے اصول شامل ہیں؟ قرآن اور حدیث کی روشنی میں نکاح کے شرعی تقاضوں کی تفصیل پیش کریں۔ (20)

سوال نمبر5۔ شریعت اور جدید معاشرت: شریعت کے بنیادی اصول کس طرح جدید مسائل میں قابل تطبیق ہیں؟ خصوصاً عقل وحکم کے موضوع پر روشنی ڈالیں۔ (20)